10199-کیا قرآنی آیات پر مشتمل کتابیں عسائیوں کو دینا جائز ہیں

سوال

کیا میرے لیے جائز ہے کہ اللہ تعالی کی وحدانیت کے ثبوت اورقرآنی آیات پر مشتمل عربی زبان میں لکھی ہوئی کتابیں اوراس کا انگلش میں کیا گیا ترجمہ عیسائیوں کودوں ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں آپ عیسائیوں کے سامنے قرآنی آیات پر مشتمل کتابیں رکھ سکتے ہیں تاکہ ان سے احکام اور توحید وغیرہ پراستدلال کرسکیں چاہے یہ کتابیں عربی میں ہوں یا انگلش میں اس کا ترجمہ کیا گیا ہو۔

بلکہ آپ اس کام پر مشکور ہوں گے اس لیے کہ ایسی کتابیں انہیں مطالعہ کے لیے عاریتا دینا یا پھران کے سامنے رکھنا یہ بھی دعوت الی اللہ کی نوع اور قسم ہے ، اورایسا کام کرنے والا عنداللہ ماجور ہے جبکہ اس میں اخلاص پایا جائے اوراسے اخلاص سے کرے ۔ .